CPL 61

روزنامہ

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسّمیع خان

PH: 0092 4524 213029

منگل 31- اکتوبر 2000ء - 3 شعبان 1421 ہجری - 31- اخاء 1379 ھش جلد 50-85 نمبر 249

## مغفرت کی دعا

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سجدوں میں یہ دعا بھی کرتے تھے۔

اے اللہ میرے سب گناہ بخش دے۔ چھوٹے بڑے پہلے اور بعد کے اور پوشیدہ اور ظاہر (سب معاف فرمادے)

(صحیح مسلم کتاب الصلوۃ باب مایقال فی الرکوع حدیث نمبر 745)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جو شخص محض اللہ تعالیٰ سے ڈر کر اس کی راہ کی تلاش میں کوشش کرتا ہے اور اس سے اس امر کی گرہ کشائی کے لئے دعائیں کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے قانون (-) کے موافق خود ہاتھ پکڑ کر راہ دکھا دیتا ہے اور اسے اطمینان قلب عطا کرتا ہے اور اگر خود دل ظلمت کدہ اور زبان دعا سے بوجھل ہو اور اعتقاد شرک و بدعت سے ملوث ہو تو وہ دعا ہی کیا ہے اور وہ طلب ہی کیا ہے جس پر نتائج حسنہ مترتب نہ ہوں۔ جب تک انسان پاک دل اور صدق و خلوص سے تمام ناجائز رستوں اور امیدوں کے دروازوں کو اپنے اوپر بند کر کے خدا تعالیٰ ہی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلاتا۔ اس وقت تک وہ اس قابل نہیں ہوتا کہ اللہ تعالیٰ کی نصرت اور تائید اسے ملے لیکن جب وہ اللہ تعالیٰ ہی کے دروازہ پر گرتا اور اسی سے دعا کرتا ہے تو اس کی یہ حالت جاذب نصرت اور رحمت ہوتی ہے۔ خدا تعالیٰ آسمان سے انسان کے دل کے کونوں میں جھانکتا ہے اور اگر کسی کونے میں بھی کسی قسم کی ظلمت یا شرک و بدعت کا کوئی حصہ ہوتا ہے تو اس کی دعاؤں اور عبادتوں کو اس کے منہ پر الٹا مارتا ہے اور اگر دیکھتا ہے کہ اس کا دل ہر قسم کی نفسانی اغراض اور ظلمت سے پاک صاف ہے تو اس کے واسطے رحمت کے دروازے کھولتا ہے اور اسے اپنے سایہ میں لے کر اس کی پرورش کا خود ذمہ لیتا ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 285-286)

## برائے توجہ عہدیداران کرام بسلسلہ تحریک جدید

○ (ارشاد سیدنا حضرت مصلح موعود)

"ہر شخص کے پاس جماعت کے سیکرٹری اور صدر صاحبان پہنچیں اور دیکھیں کہ کوئی شخص اس تحریک میں حصہ لینے سے محروم نہ رہے یا کون سا شخص ایسا ہے جس نے حیثیت کے مطابق حصہ نہیں لیا"

چونکہ تحریک جدید کا سال 31- اکتوبر کو اختتام پذیر ہو رہا ہے اس لئے عہدیداران سے خصوصی توجہ فرمانے کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کا حامی و ناصر ہو۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

## خدمت خلق کا عظیم منصوبہ بیوت الحمد

○ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کے انقلابی دور کی پہلی مالی تحریک بیوت الحمد سکیم خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے ثمربار ہو کر سینکڑوں خاندانوں کو اپنے ثمرات سے لذت یاب کر رہی ہے۔ ہر قسم کی سہولت سے آراستہ بیوت الحمد کالونی ربوہ میں 87 خاندان آباد ہیں اور ابھی اس مرحلہ کی تکمیل میں آٹھ مکانات زیر تعمیر ہیں۔ اسی طرح پانچ صد احباب کو ان کے اپنے اپنے گھروں میں حسب ضرورت جزوی توسیع کے لئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور امداد کا یہ سلسلہ جاری ہے۔

احباب کرام کی خدمت میں درخواست ہے کہ ضرورت مندوں کا حلقہ وسیع ہونے کے

باقی صفحہ 8 پر

اے قادر و توانا! آفات سے بچانا تیرا یہ سب کرم ہے تو رحمتِ اتم ہے
ہم تیرے در پہ آئے ہم نے ہے تجھ کو مانا کیونکر ہو حمد تیری، کب طاقتِ قلم ہے
غیروں سے دل غنی ہے جب سے ہے تجھ کو جانا تیرا ہوں میں ہمیشہ جب تک کہ دم میں دم ہے
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

(درثمین)

خطبہ جمعہ

# اے میرے خداوند! میں تیرا جلال چاہتا ہوں

## میں دعا کرتا ہوں کہ یہ تعلیم میری تمہارے لئے مفید ہو اور تمہارے اندر ایسی تبدیلی پیدا ہو کہ زمین کے تم ستارے بن جاؤ اور زمین اس نور سے روشن ہو جو تمہارے رب سے تمہیں ملے۔

## حضرت اقدس مسیح موعود کی مختلف ادعیۂ مبارکہ کا تذکرہ

خطبہ جمعہ ارشاد فرمودہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بتاریخ 11- اگست 2000ء بمطابق 11 ظہور 1379 ہجری شمسی بمقام بیت الفضل لندن (برطانیہ)

(خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

دعاؤں کے سلسلہ کا مضمون اس خطبہ میں بھی جاری رہے گا اور حضرت اقدس مسیح موعود(-) کی عربی دعاؤں اور عربی اشعار میں دعاؤں اور فارسی اشعار میں دعاؤں کا صرف ترجمہ پیش کیا جائے گا۔ اسی طرح آپ کی نثری تحریرات میں سے بھی اقتباسات لئے گئے ہیں۔ عربی منظوم کلام میں آپ اللہ تعالیٰ کے حضور عرض کرتے ہیں:

"اے قیوم' اے سرچشمہ ہدایت! تجھ ہی سے طاقت ملتی ہے۔ پس مجھے توفیق دے کہ میں تیری ثنا کروں اور حمد کروں۔ تو رجوع برحمت ہوتا ہے اس بندہ پر جو ندامت سے توبہ کرے اور تو ہی مفسد کو جو ضلالت میں غرق ہو نجات دیتا ہے۔ تیرے عفو کے سامنے بڑے سے بڑا گناہ بھی ایک معمولی بات ہے۔ پس تیرا کیا سلوک ہوگا اس بندہ سے جس نے حالت تردد میں چھوٹا گناہ کیا ہو۔ تو نے کائنات کی حقیقت اور اس کے بھید کا علم سے احاطہ کر رکھا ہے اور تو سیدھے اور ٹیڑھے راستہ کو جانتا ہے۔ اور اے میرے معبود اور اے میری پناہ ہم تیرے بندے ہیں۔ ہم تیرے آگے خشیت اور عبودیت سے سجدہ میں گرتے ہیں۔ تو اپنے فضل اور رحمت سے کھنڈروں کو آباد کر دیتا ہے اور اپنے قہر سے بلند اور صیقل شدہ عمارتوں کو ڈھا دیتا ہے اور رحم اور قدرت میں تیرے جیسا کوئی بھی نہیں اور اے میرے رب تیرے جیسا کوئی یگانہ میں نہیں دیکھ پاتا۔

پاک ہے وہ ذات جس نے تمام مخلوقات کو پیدا کیا ہے اور منتشر ذرات کو ایک شے کی طرح بنا ڈالا۔ وہ غیرت مند ہے' مجرموں کو وہ اپنے غضب سے ہلاک کر دیتا ہے۔ وہ غفور ہے' توبہ کرنے والوں کو ہلاکت سے نجات دیتا ہے۔ اور تو میرا معبود' میری پناہ اور میری مراد ہے اور میرا تیرے سوا کوئی معاون نہیں جو دشمنوں کو دفع کرے۔ تجھ پر ہی ہمارا آسرا ہے۔ تو ہی ہماری پناہ ہے اور ہمیں دکھ پہنچا ہے اور ہم تیرے پاس بخشش کے لئے آئے ہیں۔" (کرامات الصادقین)

"اے وہ ذات جس نے (اپنی) نعمتوں سے اپنی مخلوق کا احاطہ کیا ہوا ہے' ہم تیری تعریف کرتے ہیں مگر تعریف کی طاقت نہیں۔ مجھ پر رحمت اور شفقت کی نظر کر' اے میری پناہ! اے حزن و کرب کو دور فرمانے والے تو ہی جائے پناہ ہے اور تو ہی ہماری جانوں کی پناہ گاہ ہے' اس دنیا میں بھی اور فنا کے بعد بھی۔ ہم نے تاریکی کے زمانہ میں مصیبت دیکھی ہے۔ تو رحم فرما اور ہمیں نور کے گھر میں اتار دے۔ تو توبہ سے بڑے گناہوں کو بھی معاف فرما دیتا ہے۔ تو ہی لوگوں کی گردنوں کو بھاری بوجھوں سے نجات دیتا ہے۔ تو میری مراد ہے اور تو ہی میری روح کا مطلوب ہے اور تجھ پر ہی میرا سارا بھروسہ اور امید ہے۔ تو نے مجھے محبت کی بہترین مے کا ساغر عطا کیا ہے تو میں نے جام پر جام پیا۔ میں تو مر جاؤں گا لیکن میری محبت نہیں مرے گی۔ قبر کی مٹی میں بھی تیرے ذکر کے ساتھ ہی میری آواز جانی جائے گی۔

میری آنکھ نے تجھ سا کوئی محسن نہیں دیکھا۔ اے احسانات میں وسعت پیدا کرنے والے اور اے نعمتوں والے تو ہی تو میری جان کا مقصود تھا۔ قلم کے ہر قطرہ اور لکھائی ہوئی تحریر میں جب میں نے تیرے لطف کا کمال اور بخششیں دیکھیں تو مصیبت دور ہو گئی اور اب میں اپنی مصیبت کو محسوس ہی نہیں کرتا۔ اے میرے رب! ہم ایمان لائے کہ تو واحد ہے آسمان کا پروردگار اور خاکستری زمین کے خالق میں ان تمام کتابوں پر ایمان لایا جو تو نے نازل فرمائیں اور ان تمام پیش گوئیوں پر بھی جن کی تو نے خبر دی ہے۔

اے میری پناہ! مجھے سنبھال کہ تو ہی میری سپر ہے' اے میری جائے پناہ مجھے کمینوں کے شور و شر سے بچا لے۔ اے میرے رب! اپنے فضل سے مجھے قوت و طاقت بخش اور اس سے انتقام لے جو دین کو مٹی میں دباتا ہے۔ اے ہمارے رب! تو ہمارے درمیان باعزت فیصلہ فرما۔ اے وہ ذات جو میرے دل کو اور میرے ظاہر کی اندرونی حقیقت کو دیکھ رہی ہے۔ اے وہ ذات جس کے دروازے میں سائلوں کے لئے کھلے دیکھتا ہوں' میری دعا کو رد نہ فرما۔" (منن الرحمٰن)

پھر ہے: "اے ہمارے رب! ہماری تائید کر اپنے فضل سے اور انتقام لے اس شخص سے جو حق کو خس و خاشاک کی طرح دھتکارتا ہے۔ اے میرے رب! میری قوم جہالت کے اندھیرے میں چلی گئی ہے۔ تو رحم کر اور انہیں روشنیوں کے گھر میں اتار۔ اے مجھے ملامت کرنے والے' انجام متقیوں کے حق میں ہوا کرتا ہے۔ سو تو دانش مندوں کی طرح

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد۔ مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت 2 روپے 50 پیسے

اس معاملہ کے انجام کے بارہ میں غور و فکر کر۔ مجھے لعنت کرنے والے! بے شک نگران خدا دیکھ رہا ہے۔ تو میرے مولا رب قادر کے قہر سے ڈر۔ اللہ تمہارے گروہ کو رسوا کرے گا اور مجھے عزت دے گا۔ یہاں تک کہ سب لوگ میرے جھنڈے تلے آجائیں گے۔ اے ہمارے رب! ہمارے درمیان ازراہ کرم فیصلہ فرما دے۔ اے وہ ذات جو میرے دل اور مغز پوست کو یعنی اندرونے کو جانتی ہے۔ اے وہ ذات جس کے دروازے میں سوالیوں کے لئے کھلے پاتا ہوں۔ پس میری دعا کو رد نہ فرما۔ (انجام آتھم)

پھر اللہ کے حضور عرض کرتے ہیں: "ہم دشمنوں کی دست درازی کی تکلیفوں سے اکتا چکے ہیں۔ ظلم کی راتیں لمبی ہو گئیں۔ اے میرے رب! تو مدد کر اور تو رحیم ہے' مہربان اور صاحب رحمت ہے۔ تو اپنے بندوں کو مہلک وبال سے بچا لے۔ تو نے بہت سے معاملات میں ہماری خطائیں دیکھی ہیں اور ہماری زیادتیوں کو بھی دیکھا ہے۔ پس بخش دے اور مدد فرما اور تقویت دے۔ تو کریم و مہربان ہے' آقا ہے اور حسن سلوک فرمانے والا ہے۔ پس تو ان غلاموں کو منتخب فرمانے کے بعد نہ دھتکار۔ ہم تیرے پاس مردوں کی طرح آئے ہیں۔ پس ہمارے معاملات کو زندگی بخش۔ ہم تجھ سے بخشش مانگتے ہیں' مدد کی درخواست کرتے ہیں۔ پس معاف فرما۔

کس دروازے کی طرف اے میرے محبوب تو مجھے دھکیلے گا' کیا تو مجھے نقصان رساں دشمن کے ہاتھوں میں چھوڑ دے گا۔ اے میرے معبود' میری جان تجھ پر فدا ہو تو ہی تو میرا مقصود ہے۔ اپنے فضل کے ساتھ آ اور مجھے خوشخبری دے۔ اے خدا میں نے ساری کی ساری خوش بختی اطاعت میں پائی ہے۔ اور دوسروں کو بھی خلوص کی توفیق دے اور آسانی پیدا کر۔ اے میرے خدا اپنی ذات کے طفیل اس بندہ کی رحم کے ساتھ دستگیری فرما اور اپنے کمزور اور عاجز بندہ کی طرف جو تکفیر کیا گیا ہے آجا اور اس سے پہلے تو میری دعائیں سنتا رہا ہے اور تو ہر میدان میں میری ڈھال اور پناہ بنا رہا ہے۔ اے میرے خدا! میری فریاد رسی کر' اے میرے خدا! میری مدد کر اور مہربانی سے میرے مقصود کی بشارت دے اور آگاہ کر۔ مجھے اپنے نور سے منور کر دے' اے میرے ملجا و ماویٰ! ہم تیری ذات کی پناہ لیتے ہیں چھا جانے والی رات کی تاریکی سے اور اے میرے رب! نیکی کے دشمن اور مفسد کو گرفتار کر اور حق کی خاطر اس پر عذاب نازل کر اور تباہ کر۔

اور اے میرے رب! تو مہربان رہ جیسا کہ تو ہمیشہ مہربان تھا اور میں ذمہ داری کو چھوڑ چکا ہوں تو تو یاد کرا دے اور تو یقیناً رحم کرنے والا آقا اور صاحب کرم ہے تو تو اپنے غلاموں سے شرمندگی کے دن دور کر دے۔ میں بہت سیاہ خوفناک رات کو دیکھ رہا ہوں پس تو مبارک بادی دے اور ہمیں شاندار دن کی بشارت دے اور اے میرے کریم! میرے دکھوں کو دور کر دے اور مجھے نجات دے اور اے میرے خدا میرے دشمن کو پارہ پارہ کر دے اور خاک آلودہ کر دے اور میرے کام کے رموز تجھ پر مخفی نہیں ہیں اور تو میری پوشیدہ باتوں کا علم رکھتا ہے اور میرے دل کی گہرائی کو جانتا ہے۔ تیرا آب زلال مجھے مطلوب ہے۔ تو اس کے چشموں کو جاری کر دے۔ تیرا جلال مقصود ہے۔ پس تائید کر اور اپنا جلال ظاہر کر۔ جب ہم نے تجھ کو رحمان پایا ہے تو اس کے بعد کیا غم ہو سکتا ہے۔ ہم تاریک زمانہ سے تیرے نور کی پناہ لیتے ہیں اور ہماری آخری پکار یہ ہے کہ تمام کی تمام حمد رب کریم قادر اور آسانی پیدا کرنے والے کے لئے ہے۔" (سرالخلافہ)

پھر یہ دعا ہے: "ہم نے ظلم کی تکلیفیں دشمنوں سے اٹھائیں اور ظلم کی راتیں لمبی ہو گئیں اے خدا مدد کر اور ہم مردوں کی طرح تیرے پاس آئے ہیں۔ پس ہمارے کاموں کو زندہ کر ہم تیرے آگے مسکینوں کی طرح گرتے ہیں۔ پس تو ہمیں بخش دے۔ اے خدا میری جان تیرے پر قربان تو میری بہشت ہے اور میں نے کوئی ایسی بہشت نہیں دیکھی کہ تیرے جیسا پھل لاوے۔ اے خدا تیرے منہ کے لئے ہم اپنی قوم کی مجلسوں سے رد کر دیئے گئے ہیں۔ پس تو ہمارا یگانہ دوست ہے جو سب پر اختیار کیا گیا۔ اے میرے خدا! اپنے منہ کے صدقے اپنے بندے کی خبر لے اور ہمارے لئے تیرے سوا نہ کوئی دروازہ اور نہ کوئی جائے گزر ہے۔ اے میرے خدا! تو کس کے دروازے کی طرف مجھے رد کرے گا اور میں جس کے پاس نرمی کے ساتھ جاؤں وہ بدگوئی کرتا اور منہ پھیر لیتا ہے۔ ہم نے تمام دنیا کا ظلم برداشت کر لیا مگر تیری جدائی کی ہمیں برداشت نہیں۔

آ میرے دوست تو میری راحت اور میرا آرام ہے۔ اگر تو نے میرا کوئی گناہ دیکھا ہے تو تو معاف کر دے۔ تیرے فضل سے ہم دشمنوں سے بچائے گئے مگر تیرے جمال نے ہمیں قتل کر دیا۔ پس آ اور دیکھ اور اے میرے خدا میرے غم دور فرما اور اے میرے مددگار میرے دشمن کو پارہ پارہ کر اور خاک میں ملا دے' ہم نے تجھے رحمٰن پایا۔ پس بعد اس کے کوئی غم نہ رہا۔ دیکھا ہم نے تجھ کو اس آنکھ سے جو روشن کی جاتی ہے۔ اے میرے خداوند میں تیرا جلال چاہتا ہوں' نہ اپنی بزرگی اور تو میرے دل کو اور میرے قصد کو دیکھ رہا ہے۔ میں تیری طرف ان تمام تعریفوں کو لوٹاتا ہوں جن کا قصد کرتا ہوں۔ اور میں نہیں ہوں مگر ایک سرگین کی طرح جو خاک میں ملایا جاتا ہے۔" (اعجاز احمدی) سرگین سے مراد گوبر ہے۔ جیسے گوبر خاک میں ملا دیا جاتا ہے۔ بہت ہی عاجزانہ کلام ہے۔ حضرت داؤد کی زبور کی یاد کراتا ہے اور میں نہیں ہوں مگر ایک سرگین کی طرح جو خاک میں ملایا جاتا ہے۔

"اور میری قوم نے میری تکفیر کی تو میں تیرے پاس مظلوم ہو کر آیا (۔۔۔) مجھ کو بٹالہ کے مفسد شیخ پر تعجب ہے۔ بہتوں کو اس نے شرارتوں سے گمراہ اور حق سے دور کر دیا ہے۔ اے میرے خدا اس جیسے مکذب کو گرفت میں لے جیسے تو گرفت میں لیتا ہے اس شخص کو جس نے ولی سے دشمنی کی اور اس پر سختی کی۔ اے میرے رب! میرے آقاؐ کی امت کے حال کی اصلاح کر دے اور یہ تیرے لئے آسان ہے اور ہمارے لئے مشکل ہے۔ اور کوئی بلندی پر نہیں جا سکتا پیشتر اس کے کہ تو اس کا ہاتھ پکڑے اور کوئی کسی کو کچھ پلا نہیں سکتا پیشتر اس پیالہ کے جو تو مقدر کر دے اور ہمارے ذرات مصائب کی وجہ سے منتشر کر دیئے گئے ہیں اور ہم مر چکے ہیں۔ پس ان گناہوں کو جو تو دیکھ رہا ہے نہ بیان کر اور ہمارے قتل کے لئے لمبی تلوار نہ کر اور رجوع برحمت ہو اور معاف کر دے۔ پس اے ان لوگوں کے رب جو ذلیل کئے گئے۔ اگر تو اے ہمارے رب! ہمارے گناہوں کی وجہ سے ہلاک کرے گا تو ہم فنا ہو جائیں گے رسوائی کی موت سے اور دشمن فخر کرے گا اور میں میدان سے نہیں ہٹوں گا یہاں تک کہ تو مجھے مدد دے اور ضروری ہے میرے لئے کہ میں ہلاک ہو جاؤں یا کامیاب ہو جاؤں اور میں دیکھ رہا ہوں کہ گناہ عظیم تر ہیں اور اس کے ساتھ یہ بھی جانتا ہوں کہ تیرا فضل عظیم ترین ہے۔ اے میرے اللہ! ہماری فریاد رسی کر اور ہمیں سیراب کر اور ہماری عزت کی حفاظت کر اپنی بہت بڑی قوت سے۔ بے شک تو بڑی قدرت والا ہے۔ ہم مخلوق سے مایوس ہو گئے ہیں اور امید منقطع ہو گئی اور ہم تیرے پاس آئے ہیں۔

اے وہ ہستی جو جانتی ہے اس امر کو جو دلوں میں پوشیدہ رکھا جاتا ہے تیری شان بلند

ہے۔ اے وہ ہستی جس کے کمال کا احاطہ نہیں ہو سکتا تیری تعریف ایسی تعریف ہے جس کا شمار اور احاطہ نہیں ہو سکتا۔ مہربانیوں سے نواز جیسا کہ تیری شایان شان ہے اور دستگیری کر اپنے بندوں کی جیسا کہ تو بڑی قدرت رکھنے والا ہے۔ اے میرے رب ہر معرکہ میں میرا ہاتھ پکڑ اور اس بے یار و مددگار کی تائید فرما جو لعنت اور تکفیر کیا جا رہا ہے۔ میں مسکین ہو کر تیرے حضور آیا ہوں اور تیری مدد سب سے بڑی ہے اور میں پیاسا ہو کر تیرے پاس آیا ہوں اور تیرا سمندر بہت موجزن ہے۔

دین ( ـــ ) کے نشان مٹ چکے ہیں۔ پس میں تیرے حضور شکایت کرتا ہوں تو ہی تعمیر کرتا اور آباد کرتا ہے اے (دین) کے ناصر! اے احمد کے رب تائید کے ساتھ میری فریاد رسی کر میں تو ذلیل کیا گیا ہوں۔ اے اس رسولؐ کے رب جسے تو نے ہر درجہ دیا ہے اور ایسی شان دی ہے جسے دیکھ کر مخلوق حیران ہو رہی ہے اور تو ہمیشہ لطف مہربانی اور رحمت کرنے والا ہے اور میں کبھی بھی محروم نہیں رہا اور عزت ہی پاتا رہا ہوں۔ تو مجھے لقمہ نہ بنا دینا مجھ سے لڑنے والوں کا۔ تو میرا یگانہ خدا ہے تو ہر ایک خطا بخش دیتا ہے اور تو نگہبان خدا ہے تمام مخلوق کا مرجع ہے اور تو ہی محافظ ہے تو میری مدد کرتا ہے اور مجھے عظمت دیتا ہے۔

اور رب کے دروازہ کے سوا تو صرف ذلت ہی ذلت ہے اور رب کے نور کے سوا تو صرف ظلمت ہی ظلمت ہے۔ بے وقوف لوگ ان کی اصل حقیقت کو نہیں جانتے پس اسی قدر جانتے ہیں وہ زبان کے نرم ہیں ان کی بلائیں عام ہو گئیں ' ان کا فساد بڑھ گیا ہے اور فتنوں کا سیلاب ان کی بے اعتدالیوں سے بہت سخت ہو گیا ہے۔ اے خدا تو ان کو پکڑ جیسا کہ ایک مفسد کو پکڑتا ہے۔ ان کے طول زمانہ نے دنیا کو بگاڑ دیا ہے۔ اے قادر تو اپنے رحم سے مردوں اور عورتوں کی جلد خبر لے اور مخلوق کو اس طوفان سے نجات بخش۔ ان کے لشکر (۔) زمین میں اتر آئے اور ان کی بلاؤں نے (۔) عورتوں تک سرایت کی ہے۔ اے احمد کے رب! اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اللہ اپنے بندوں کو ان کے دھوؤں کے زہروں سے بچالے۔

اے ہمارے مددگار! تیرے سوا ہمارا کوئی جائے پناہ نہیں۔ ہم پر ان لوگوں کی ' مددگاروں کی زمین تنگ ہو گئی۔ اے خدا پتھروں سے ان کے شیشے کو توڑ دے اور ان کے بیان کے زہر سے اپنے بندوں کو بچالے۔ تیرے نبی کو انہوں نے عناد سے گالیاں دیں اور جھٹلایا اور وہ نبی جو افضل المخلوقات ہے تو تو ان کے ظلم کو دیکھ۔ اے میرے رب ان کو ایسا پیس ڈال جیسا کہ تو ایک طاغی کو پیستا ہے۔ اور ان کی عمارتوں کو مسمار کرنے کے لئے ان کے صحن خانہ میں اتر آ۔ اے میرے رب ان کے ٹکڑے ٹکڑے کر اور ان کی جمعیت کو پاش پاش کر دے۔ اے میرے رب ان کو ان کے گداز ہونے کی طرف کھینچ لے۔ انہوں نے ہمارا اگمراہ کرنا اور وبال میں ڈالنا دلوں میں ٹھان لیا ہے۔ سو تو ان کے مکرانہی کے جسموں پر مار ' انہوں نے خیال کیا کہ خدا تعالیٰ اپنے وعدے پورے نہیں کرے گا۔ تب وہ خدا تعالیٰ کی زمین پر بے اعتدالی کی وجہ سے باغی ہو گئے اور میں نے اپنے مقابلہ کے وقت اپنے رب کو بلایا۔ ان کے نیزوں سے بچنے کے لئے خدا میری ڈھال ہے۔ اے میرے مددگار تیرے سوا میری کوئی پناہ نہیں۔ پس مدد کر اور ان کے پہاڑوں کے توڑنے کے لئے ہماری تائید فرما۔

اے میرے رب! صلیب کا ٹوٹنا مجھے دکھلا ' اے میرے رب ان کی دیواروں پر مجھ کو مسلط کر ' اے میرے رب ہر یک دن تیری عجیب شان ہے تو اپنے بندوں کی ان کے میدان میں مدد کر۔ "تو اپنے بندوں کی ان کے میدان میں مدد کر"۔ عجیب شان سے یہ دعا پوری ہو رہی ہے۔ عیسائیت کے میدانوں میں اللہ اپنے بندوں کی مدد فرما رہا ہے۔ "ہم صبر کر کے تضرع اور رونے کو لازم پکڑتے ہیں اور ان کے سواروں سے ہم خدائے تعالیٰ کی پناہ لیتے ہیں۔ خدا کا تیر وہ ہے کہ جب چھوٹا تو خطا نہیں جاتا اور خدا کا قہر ان کے قہر پر غالب ہے۔ اے قادر ہمارے لئے اپنا لشکر اتار کیونکہ ہم ان کے ملنے سے موت کو ملے۔ اے میرے رب دل حلق کو پہنچ گئے۔ اے میرے رب خلقت کو ان کے سانپ سے نجات دے۔ دل بے قراریوں سے ٹکڑے ہو گئے۔ رحم کر اور ہماری جان کو ان کے دیو سے رہائی بخش اور دشمنوں کو بھیڑیوں کی بکری بناتا ان کو پکڑیں اور نوچ نوچ کر کھاویں اور ہمارے دلوں کو ان کی رسوائی اور ذلت سے شفا بخش"۔ (نور الحق جلد اول)

پھر فرماتے ہیں: "میں نے یہ قصیدہ جلدی سے کہا ہے اور یہ قصیدہ موتی کی طرح ہے یا اس سونے کی طرح جو کٹھالی سے نکلتا ہے۔ میں نے اس کو اپنی قوت سے نہیں کہا مگر وہ موتی خدا تعالیٰ سے ہیں اور میرے ہاتھوں نے پروئے ہیں۔ اے خدا محمدؐ کے منہ کے لئے اس میں برکت ڈال جو سب کریموں سے افضل اور برگزیدوں سے برگزیدہ ہے"۔ (نور الحق جلد دوم)

پھر فرماتے ہیں: "یقیناً صحابہ سب کے سب سورج کی مانند ہیں انہوں نے مخلوقات کا چہرہ اپنی روشنی سے منور کر دیا۔ انہوں نے اپنے اقارب کو اور اپنے عیال کی محبت کو بھی چھوڑ دیا اور رسول اللہؐ کے حضور میں فقراء کی طرح حاضر ہو گئے۔ میں رسول کے تمام کے تمام صحابہ کو خدا کے حضور میں دائمی عزت کے مقام پر پاتا ہوں۔ انہوں نے رسول کی پیروی کی سفرو حضر میں اور وہ اپنے حبیب کی راہ میں خاک راہ ہو گئے۔ تو ان کی خدمت کو اور ثابت قدمی کو دیکھ اور دشمن کو ان کے غصہ اور جلن میں چھوڑ دے۔ اے ہمارے رب ہم پر بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے طفیل رحم کر اور ہماری مغفرت فرما اور تو ہی نعمتوں والا اللہ ہے۔ جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو گالی دی تو بے شک وہ ہلاک ہو گیا اور یہ ایک سچائی ہے سو اس سچائی میں کوئی اخفاء نہیں۔ (سر الخلافہ)

پھر فرماتے ہیں: "ہماری شریعت ایک تعجب انگیز کھیتی ہے مگر ان برسوں میں ایسی برہنگی اس کی ظاہر ہوئی جیسے وہ جانور جس پر بال نہ ہوں اور خاکی رنگ ہو۔ آنکھ اس کی آثار عمارت پر رو رہی ہے۔ اے میرے رب! اب تو ہی اس کے ویرانہ کو پھر آباد کر"۔ (نور الحق جلد دوم)

یہ عربی منظوم کلام کا ترجمہ تھا۔ اب فارسی منظوم کلام سے چند اشعار کا ترجمہ میں آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

"اے خالق ارض و سماء مجھ پر رحمت کا دروازہ کھول دے تو میرے اس درد کو جانتا ہے جسے میں اوروں سے چھپاتا ہوں۔ اے میرے دلبر تو بے حد لطیف ہے تو میرے ہر رگ و ریشہ میں داخل ہو جاتا کہ جب تجھے اپنے اندر پاؤں تو اپنا دل چمن سے بھی زیادہ خوش تر کر دوں اور اے ذات پاک صفات اگر تو انکار کرے تو تیرے فراق میں جان دے دوں گا۔ اور اتنا روؤں گا کہ ایک عالم کو رلا دوں گا۔ خواہ تو ناراض ہو کر مجھے اپنے سے جدا کر دے خواہ لطف فرما کر اپنا چہرہ دکھا دے خواہ مجھے مار یا رہا کر میں کسی طرح تیرے دامن کو نہیں چھوڑ سکتا"۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد اول حاشیہ در حاشیہ ص 613)

"اے میرے خداوند میرے گناہ بخش دے اور اپنی درگاہ کی طرف مجھے رستہ دکھا۔

میری جان اور میرے دل میں روشنی دے اور مجھے میرے مخفی گناہوں سے پاک کر' دلستانی کر اور دلربائی دکھا۔ اپنی ایک نظر کرم سے میری مشکل کشائی کر دونوں عالم میں تو ہی میرا پیارا ہے جو چیز میں تجھ سے چاہتا ہوں وہ بھی تو ہی ہے"۔ فارسی شعر جس کا ترجمہ ہے وہ یہ ہے ؂

در دو عالم مرا عزیز توئی
واں چہ می خواہم از تو نیز توئی

(دیباچہ براہین احمدیہ حصہ اول ص 4 تا 7 مطبوعہ 1880ء)

پھر ہے: "اے خدا! اے ہمارے دکھوں کی دوا اور اے ہماری گریہ وزاری کا علاج تو ہماری زخمی جان پر مرہم رکھنے والا ہے اور تو ہمارے غمزدہ دل کی دلداری کرنے والا ہے۔ تو نے اپنی مہربانی سے ہمارے سب بوجھ اٹھالئے ہیں اور ہمارے درختوں پر میوے اور پھل تیرے فضل سے ہی ہیں۔ تو ہی اپنے جود و کرم سے ہمارا محافظ اور پردہ پوش ہے اور اپنی کمال مہربانی سے بے کسوں کا ہمدرد ہے۔ پس جب بندہ مغموم اور درماندہ ہو جاتا ہے تو تو فوراً وہیں اس کا علاج پیدا فرمادیتا ہے۔ جب کسی عاجز کو راستہ میں اندھیرا گھیر لیتا ہے تو تو یکدم اس کے لئے سینکڑوں سورج اور چاند پیدا فرمادیتا ہے۔ حسن واخلاق اور دلبری تجھ پر ختم ہیں۔ تیری لقاء کے بعد پھر کسی سے تعلق رکھنا حرام ہے۔ اے خدا خبیث لوگوں کو جڑ یعنی بنیاد سے تباہ کردے۔ جو ناحق سچائی کو چھوڑتے ہیں نہ وہ دل رکھتے ہیں نہ آنکھیں نہ کان۔ اس پر بھی اس بدر کامل سے سرکش ہیں۔ اے وہ شخص جو بے وقوفی کی وجہ سے سخت انکاری اور دشمن ہے کیوں جھک مارتا ہے۔ جا اور خدا کا دروازہ کھٹکھٹا۔ فریاد کر کہ اے خدائے لاشریک! میرے پیروں کی بھاری زنجیریں کھول دے"۔

(براہین احمدیہ حصہ چہارم حاشیہ صفحہ 524 تا 542 مطبوعہ 1884ء)

پھر خدا کے حضور عرض کرتے ہیں: "اے خدا! اے ہر غمگین دل کے چارہ گر' اے عاجزوں کی پناہ اور اے گنہگاروں کے بخشنے والے۔ مہربانی سے اپنے اس بندے پر بخشش فرما اور ان علیحدہ رہنے والوں پر نظر رحمت کر"۔ (فتح اسلام ص 67 مطبوعہ 1891ء)

پھر عرض کرتے ہیں: "اے میرے محسن دوست میری جان تجھ پر قربان تو نے مجھ سے کون سا فرق کیا ہے جو میں تجھ سے کروں۔ ہر مراد اور مدعا جو میں نے غیب سے طلب کیا اور ہر خواہش جو میرے دل میں تھی تو نے اپنی مہربانی سے میری وہ مرادیں پوری کردیں اور مہربانی فرما کر تو میرے گھر تشریف لایا۔ مجھے عشق و وفا کی کچھ بھی خبر نہ تھی تو نے ہی خود محبت کی یہ دولت میرے دامن میں ڈال دی۔ اے رب مجھے ہر قدم پر مضبوط رکھ اور ایسا کوئی دن نہ آئے کہ میں تیرا عہد توڑوں۔ اگر تیرے کوچہ میں عاشقوں کے سر اتارے جائیں تو سب سے پہلے جو عشق کا دعویٰ کرے وہ میں ہوں گا"۔

(آئینہ کمالات اسلام آخری صفحہ مطبوعہ 1893ء)

"اے خدا میری جان تیرے اسرار پر قربان کہ تو ان پڑھوں کو فہم اور لحن بخشتا ہے۔ تیری اس دنیا میں میرے جیسا اُمّی کہاں ہے۔ میری تو نشوونما ہی جہالتوں کے درمیان ہوئی ہے۔ میں ایک کیڑا تھا تو نے مجھے بشر بنا دیا۔

(ازالہ اوہام حصہ اول روحانی خزائن جلد 3 ص 294)

پھر فرماتے ہیں: "میرا قدم یار کی مہربانی سے جنت میں داخل ہو گیا ہے اور اس دوست کی عنایت سے میرے ہاتھ میں جام وصل ہے۔ اس کی قبولیت کا جوش جو میری دعا کے وقت ظاہر ہوتا ہے اتنی گریہ وزاری میری ماں نے بھی نہیں سنی۔ میں ہر طرف اور ہر جانب اس یار کا چہرہ دیکھتا ہوں پھر اور کون ہے جو میرے خیال میں آئے۔ افسوس عزیزوں نے مجھے نہ پہچانا یہ مجھے اس وقت جانیں گے جب میں اس دنیا سے گزر جاؤں گا۔

ہر رات قوم کے درد سے مجھ پر ہزاروں غم وارد ہوتے ہیں۔ اے رب مجھے اس شور و شر کے زمانہ سے نجات دے۔ اے رب میری آنکھ کے پانی سے ان کی یہ سستی دھو ڈال' میری فریاد سن کیونکہ تیرے سوا میرا کوئی نہیں رہا۔ اے میرے رب میری گریہ وزاری کو دیکھ کر لطف و کرم کی ایک نظر کر کہ تیری رحمت کے ہاتھ کے سوا اور کون مددگار ہے۔ میری جان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی راہ میں فدا ہو یہی میرے دل کا مدعا ہے کاش میسر آجائے"۔

(ازالہ اوہام روحانی خزائن جلد 3 ص 185)

**امت کی ہدایت کے لئے دعا:** اے خدا اے ہدایت کی روشنی کے چشمے مہربانی فرما کر اس امت کی آنکھیں کھول دے۔ اے طالب تو اس پوشیدہ راز کی طرف ایک نظر کر تاکہ تو وہم اور شبہات سے" یہاں طالب یعنی خدا کی طلب کرنے والے کو مخاطب کر کے فرمارہے ہیں۔ "اے طالب تو اس پوشیدہ راز کی طرف ایک نظر کر تاکہ تو وہم اور شبہات سے نجات پائے"۔

(راز حقیقت سرورق روحانی خزائن جلد 14 ص 151)

**سب دنیا کی ہدایت کے لئے ایک دعا:** "اے جہان کو ہدایت دینے والے مالک' سچوں کو جھوٹوں کی گرفت سے رہائی بخش۔ فساد کی وجہ سے دنیا میں آگ لگ گئی ہے۔ اے اہل جہاں کے فریادرس امداد کو پہنچ"۔

(آسمانی فیصلہ۔ روحانی خزائن جلد 4 ص 311)

پھر ایک دعا ہے **فیصلہ کن نشان ظاہر کرنے کی دعا:** "اے خدا' اے زمین و آسمان کے مالک' اے ہر مصیبت میں اپنی جماعت کی پشت پناہ' اے رحیم' دستگیر اور راہنما' اے وہ کہ تیرے ہاتھ میں فیصلہ اور حکم ہے۔ اے جان آفریں! زمین میں سخت شور برپا ہے۔ اپنی مخلوقات پر رحم کر' اپنی درگاہ سے کوئی فیصلہ کرنے والی بات ظاہر کر تاکہ جھگڑے اور فساد بند ہو جائیں"۔

(آسمانی فیصلہ' روحانی خزائن جلد 4 ص 321)

پھر یہ دعا ہے: **"اے خدا کب تیری طرف سے مدد کا وقت آئے گا اور ہم پھر وہ مبارک دن اور سال کب دیکھیں گے۔** دین احمد کے متعلق ان دو فکروں نے میری جان کا مغز کھا دیا ہے یعنی اعدائے ملت کی کثرت اور انصار دین کی قلت۔ اے خدا جلد آ اور ہم پر اپنی نصرت کی بارش برسا ورنہ اے میرے رب اس آتشیں جگہ سے مجھ کو اٹھالے۔ اے خدا رحمت کے مطلع سے ہدایت کا نور ظاہر فرما اور چمکتے ہوئے نشان دکھلا کر گمراہوں کی آنکھیں روشن کردے۔ جب تو نے مجھے اس سوز و گداز میں صدق بخشا ہے تو مجھے یہ امید نہیں کہ تو اس معاملہ میں مجھے ناکامی کی موت دے گا"۔

(فتح اسلام' روحانی خزائن جلد 3 ص 46)

پھر فرماتے ہیں: "وہ یار جو عنایت مجھ پر کرتا ہے اے مردار کیا تو نے ویسی کسی اور پر بھی سنی ہے۔ تو خدا کے رازوں کو نہیں پہچانتا۔ تیری ساری بنیاد ظن اور وہم پر ہے۔ رو رو کر رستہ ڈھونڈ تاکہ خدا کا رحم جوش میں آئے۔ اپنے آنسوؤں کے ساتھ اپنے بستر کو تر کر پھر زخمی دل کے ساتھ یوں عرض کر کہ اے علیم خدا پوشیدہ رازوں کے واقف' تیرے

علم تک انسان کا خیال کہاں پہنچ سکتا ہے۔ اگر یہ شخص جو ہمیں تیری طرف بلاتا ہے تیری طرف سے ہی ہے تو کون تجھ سے بہتر حقیقت حال کو جانتا ہے تو ہمارے گناہ بخش اور ہماری آنکھیں کھول تاکہ ہم مخالفت اور انکار کی حالت میں نہ مریں ورنہ ہم سے اس ابتلاء کو دور کر کہ تو رحیم' قادر اور غفار ہے"۔

(نزول المسیح ص 97 تا 107 مطبوعہ 1909ء)

پھر یہ دعا ہے: "اس مصیبت کے وقت ہم غریبوں کا علاج سوائے صبح کی دعا اور سحری کے رونے کے اور کچھ نہیں۔ اے خدا! اس سیہ دل کو کبھی خوش نہ کر جس کو احمد مختار کے دین کا فکر نہیں ہے۔"

(برکات الدعا ص 32 مطبوعہ 1893ء)

پھر عرض کرتے ہیں: "اے وہ کہ تجھ پر میرا سر' جان' دل اور ہر ذرہ قربان ہے' میرے دل پر اپنی رحمت سے اپنی معرفت کا دروازہ کھول دے۔ فلسفی دیوانہ ہے جو تجھے عقل کے زور سے ڈھونڈتا ہے۔ تیرا پوشیدہ راستہ عقلوں سے بہت دور ہے۔ تو اپنے عاشقوں کو دونوں جہان بخش دیتا ہے۔ لیکن تیرے غلاموں کی نظر میں دونوں جہان ہیچ ہیں۔ مہربانی کی نظر فرما تاکہ جنگ وجدل ختم ہو۔ مخلوقات تو تیرے دلائل کی کشش کی محتاج ہے۔ زلزلہ کے پردہ میں رحمت کا چشمہ جاری کر یہ تیرا گریہ وزاری کرنے والا بندہ کب تک غم میں جلا کرے"۔

(چشمہ مسیحی صفحہ ما قبل آخر)

پھر انجام بخیر ہونے کی دعا: "اگر خدا بندہ سے خوش نہیں ہے تو پھر اس جیسا کوئی حیوان بھی مردود نہیں۔ اگر ہم اپنے ذلیل نفس کو پالنے میں لگے رہیں تو ہم گلیوں کے کتوں سے بھی بدتر ہیں۔ اے خدا! اے طالبوں کے راہنما! اے وہ تیری محبت ہماری روح کی زندگی ہے تو ہمارا خاتمہ اپنی رضا پر کر تاکہ دونوں جہان میں ہماری مراد پوری ہو"۔

(آسمانی فیصلہ۔ روحانی خزائن جلد 4 ص 334)

پھر فرماتے ہیں: "ہم تو سب پیغمبروں کے غلام ہیں اور خاک کی طرح ان کے دروازہ پر پڑے ہیں۔ ہر وہ رسول جس نے خدا کا رستہ دکھایا ہماری جان اس راستباز پر قربان ہے۔ اے میرے خدا! ان انبیاء کے گروہ کے طفیل جن کو تو نے بڑے بھاری فضلوں کے ساتھ بھیجا ہے جیسے تو نے مجھے دل بخشا ہے مجھے معرفت بھی عطا فرما اور جب کہ تو نے جام دیا ہے تو شراب بھی عطا کر۔ اے میرے خدا! مصطفیٰؐ کے نام پر جس کا تو ہر جگہ مددگار رہا ہے اپنے لطف وکرم سے میرا ہاتھ پکڑ اور میرے کاموں میں میرا دوست اور میرا مددگار بن جا۔ اگرچہ میں خاک کی طرح ہوں بلکہ اس سے بھی کم تر لیکن میں تیری قوت پر بھروسہ رکھتا ہوں"۔

(دیباچہ براہین احمدیہ حصہ اول۔ روحانی خزائن جلد اول ص 23)

پھر یہ دعا ہے: محمدؐ کے عشق میں میرا سر اور میری جان قربان ہو۔ یہی میری خواہش' میری دعا ہے اور میرا دلی ارادہ ہے"۔

(توضیح مرام ص 23 مطبوعہ 1891ء)

"اے خداوند کریم! سینکڑوں مہربانیاں اس شخص پر کہ جو دین کا مددگار ہے۔ اگر کبھی آفت آئے تو اس کی مصیبت کو ٹال دے۔ اے خداوند قادر مطلق' اسے ایسا خوش رکھ کہ اس کی حالت اور سب کاروبار میں ایک جنت پیدا ہو جائے"۔

(آئینہ کمالات اسلام ٹائٹل مطبوعہ 1893ء)

پھر حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "عبدالکریم کی خوبیاں کیوں کر گنی جا سکتی ہیں جس نے شجاعت کے ساتھ صراط مستقیم پر جان دی۔ وہ دین (۔) کا حامی تھا۔ اس کا خدا نے لیڈر نام رکھا تھا۔ وہ خدائی اسرار کا عارف تھا اور دین متین کا خزانہ۔ اگرچہ ایسے یک رنگ دوست کی جدائی سے دل کو تکلیف ہے لیکن ہم خداوند کریم کے فعل پر راضی ہیں۔ اے خدا اس کی قبر پر رحمت کی بارش نازل فرما اور نہایت درجہ فضل کے ساتھ اسے جنت میں داخل فرمادے۔ نیز ہمیں زمانہ کی بلاؤں سے محفوظ رکھ۔ اے قادر و رحیم خدا! تو ہی ہمارا اسہارا ہے"۔

(اخبار البدر 9 فروری 1906ء)

پھر فرماتے ہیں: "ہمیشہ دل غم میں ڈوبتا رہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری جماعت کو بھی صحابہ (رضوان اللہ علیہم) کے انعامات سے بہرہ ور کرے۔ ان میں وہ صدق و وفا' وہ اخلاص اور اطاعت پیدا ہو جو صحابہ (رضوان اللہ علیہم) میں تھی۔ یہ خدا کے سوا کسی سے ڈرنے والے نہ ہوں۔ متقی ہوں کیونکہ خدا کی محبت متقی کے ساتھ ہوتی ہے۔ ان اللّٰہ مع المتقین"۔

(الحکم جلد 4 نمبر 46 ص 1 تا 3۔ 24 دسمبر 1900ء)

پھر آخر پر کشتی نوح سے یہ اقتباس لیا گیا ہے جس میں وہ جماعت کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "تم اپنے وہ نمونے دکھلاؤ جو فرشتے بھی آسمان پر تمہارے صدق وصفا سے حیران ہو جائیں اور تم پر درود بھیجیں۔ تم ایک موت اختیار کرو تا تمہیں زندگی ملے اور تم نفسانی جوشوں سے اپنے اندر کو خالی کرو تا خدا اس میں اترے۔ ایک طرف سے پختہ طور پر قطع کرو اور ایک طرف سے کامل تعلق پیدا کرو۔ خدا تمہاری مدد کرے۔ اب میں ختم کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ یہ تعلیم میری تمہارے لئے مفید ہو اور تمہارے اندر ایسی تبدیلی پیدا ہو کہ زمین کے تم ستارے بن جاؤ اور زمین اس نور سے روشن ہو جو تمہارے رب سے تمہیں ملے۔ آمین ثم آمین۔"

(کشتی نوح روحانی خزائن جلد 19 ص 85)

(الفضل انٹرنیشنل لندن 22 ستمبر 2000ء)

سائے میں تیرے دھوپ نہائے بصد نیاز
اے چھاؤں چھاؤں شخص تری عمر ہو دراز

اے اپنے رب کے عشق میں دیوانے آدمی
دیوانے تیرے ہم کہ ہُوا تو خدا کا ناز

کیوں کر کھلے خدا جو نہ دیکھو وہ آدمی
سجدہ کرے زمیں پہ تو ہو عرش پر نماز

آیا زباں پہ اسم گرامی کہ بس ادھر
پُرنم ہوئی وہ آنکھ وہ سینہ ہُوا گداز

(عبید اللہ علیم)

# اطلاعات و اعلانات

## درخواست دعا

○ مکرم مولانا محمد اسماعیل منیر صاحب حال 23۔ رحمان کالونی ربوہ تحریر فرماتے ہیں میری بیٹی ناصرہ بابر صاحبہ مختلف عوارض سے بیمار چلی آرہی ہے اب ڈاکٹروں نے پتے کی پتھری کا آپریشن تجویز کیا ہے اسی طرح میرے پاؤں میں زخم ہوگیا ہے جو شوگر کی وجہ سے ٹھیک نہیں ہو رہا۔ احباب سے مکمل شفاءیابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

○ مکرم غلام نبی منہاس صاحب علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی نواسی بریرہ حال جرمنی عمر 7 سال شوگر ہونے کی وجہ سے شدید بیمار ہیں۔ اور جرمنی کے ایک ہسپتال میں داخل ہے۔ احباب جماعت سے جلد شفا یابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

○ مکرم مرزا افضل بیگ صاحب مغل پورہ لاہور دل کی تکلیف ہوئی ہے سی سی یو میں زیر علاج ہیں احباب جماعت سے ان کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## نکاح

○ مکرم شوکت محمود صاحب ولد مکرم مہر محمد دین صاحب (مرحوم) کوٹلہ قاسم خان تحصیل کھاریاں ضلع گجرات کا نکاح مورخہ 16۔ اکتوبر 2000ء کو مکرمہ ریحانہ بی بی صاحبہ بنت مکرم سلیمان خان صاحب آف ڈریانوالہ تحصیل و ضلع نارووال بعوض مہر دس ہزار روپے مکرم ملک طارق محمود صاحب مربی سلسلہ نے پڑھایا اور اسی دن رخصتی ہوئی اور مکرم میر محفوظ الحق صاحب صدر جماعت نے دعا کروائی۔ احباب جماعت سے اس رشتہ کے بابرکت ہونے اور ہر جہت سے دونوں خاندانوں کے لئے مثمر بثمرات حسنہ ہونے کے لئے درخواست دعا ہے۔

## تبدیلی فون نمبر

○ گورنمنٹ جامعہ نصرت برائے خواتین چناب نگر کا فون نمبر تبدیل ہو کر 213913 ہو گیا ہے۔ نوٹ فرمالیں۔

(پرنسپل گورنمنٹ جامعہ نصرت برائے خواتین چناب نگر (ربوہ)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

معیاری اور کوالٹی سکرین پرنٹنگ اور ڈیزائننگ
خان نیم پلیٹس
نیم پلیٹس کلاک ڈائلز
سٹکرز شیلڈز
ٹاؤن شپ لاہور فون: 5150862 فیکس: 5123862
ای میل knp_pk@yahoo.com

## ولادت

مکرم نصراللہ خان صاحب ناصر ایڈیٹر انصار اللہ تحریر فرماتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مکرم ڈاکٹر منیر احمد عباسی صاحب کیوریٹو میڈیسن سٹور اینڈ کلینک سکندر پورہ بازار پشاور شہر کو (ایک بیٹے اور دو بیٹیوں کے بعد) مورخہ 15۔ اکتوبر 2000ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے۔ جس کا نام "ظہیر احمد سفیر" تجویز ہوا ہے۔ نومولود مکرم نادر بخت عباسی صاحب مرحوم مین پوری (یو پی) آف لاہور کا پوتا اور مکرم عبدالرحمٰن معصوم صاحب آف پشاور کا نواسہ ہے۔

احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو خادم دین اور والدین کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔ آمین

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## نکاح و تقریب رخصتانہ

○ مکرم عبدالعزیز بھٹی صاحب سابق باغبان ناصر آباد، محمود آباد، نواز آباد فارمز سندھ ولد محترم چوہدری شہاب الدین صاحب مرحوم دارالنصر غربی ربوہ کا نکاح ہمراہ محترمہ بشریٰ پروین صاحبہ بنت مکرم چوہدری غلام محمد صاحب دارالعلوم غربی ربوہ بعوض مہر۔/25000 روپے مورخہ 6۔ اکتوبر 2000ء مکرم عبدالستار خان صاحب مربی سلسلہ نے بیت المنعم دارالنصر غربی بعد عصر میں پڑھا۔ مورخہ 13۔ اکتوبر کو تقریب شادی منعقد ہوئی۔ عزیزہ بشریٰ پروین صاحبہ حضرت میاں رنگ علی صاحب آف کریام رفیق حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کی نواسی ہیں۔ مورخہ 14۔ اکتوبر کو دعوت ولیمہ بصورت عصرانہ منعقد ہوئی۔

احباب سے اس رشتہ کے ہر لحاظ سے بابرکت ہونے کے لئے درخواست دعا ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

بلال فری ہومیوپیتھک ڈسپنسری
زیر سرپرستی۔ محمد اشرف بلال
زیر نگرانی۔ پروفیسر ڈاکٹر سجاد حسن خان
اوقات کار۔ صبح 9 بجے تا شام 4 بجے
وقفہ 12 بجے تا 1 بجے دوپہر۔ ناغہ بروز اتوار
86۔ علامہ اقبال روڈ۔ گڑھی شاہو۔ لاہور

General Order Suppliers
Pakistan made Electric and Gas Appliances
Fans, Washing & Dryer Machines, Gyesers.
Ahmadiyya Al - Rehman Traders
Post Box #:13087
Township, Lahore.
Ph:0320 - 207828
Email:alaq_99@yahoo.com

# ملکی خبریں

قومی ذرائع ابلاغ سے

ربوہ : 30 اکتوبر۔ گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں
کم سے کم درجہ حرارت 18 درجے سنٹی گریڈ
زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31 درجے سنٹی گریڈ
منگل 31۔ اکتوبر غروب آفتاب۔ 6-45
بدھ یکم۔ نومبر طلوع فجر۔ 5-00
بدھ یکم۔ نومبر۔ طلوع آفتاب 6-22

### 3 ہزار قیدیوں کی بغاوت

پشاور جیل میں تین ہزار قیدیوں نے بغاوت کردی۔ ہنگامہ دور کرنے کے لئے پولیس نے فائرنگ کردی جس سے 4 قیدی ہلاک اور 75 زخمی ہوئے۔ قیدیوں نے جیل کے اندر آگ لگا دی۔ دست بدست لڑائی ہوتی رہی۔ صبح ساڑھے آٹھ بجے جیل حکام نے منشیات فروشی میں ملوث قیدیوں کی جامہ تلاشی لینا چاہی تو ہنگامہ شروع ہوگیا۔ پولیس نے ڈنڈے چلائے، آنسو گیس پھینکی اور آخرکار فائرنگ بھی کی۔ قیدیوں نے پتھراؤ کیا دیوار توڑ دی۔ قالین بافی کا کارخانہ اور 7 بیرکیں جلا دیں۔ کئی اضلاع کی پولیس طلب کرلی گئی جو قابو نہ پا سکی۔ آخر فوج طلب کرلی گئی۔ فوج نے حالات پر قابو پایا۔ قیدیوں نے جیل انتظامیہ کے رویے کی شکایت کی اور سول انتظامیہ سے مذاکرات سے انکار کردیا۔ بکتر بند گاڑیاں، ملیشیا فورسز، سینکڑوں پولیس اہلکار اور فائر بریگیڈ کا عملہ جیل پہنچ گیا۔

### جی ڈی اے اور مسلم لیگ میں اتفاق رائے

تحریک بحالی جمہوریت کے معاملے پر جی ڈی اے اور مسلم لیگ میں اتفاق رائے ہو گیا۔ یہ جدوجہد کب شروع کی جائے گی اور اس کی نوعیت کیا ہوگی اس کے بارے میں طرفین اپنے اپنے پلیٹ فارم سے منظوری لینے کے بعد آگاہ کریں گے۔ اس بارے میں مسلم لیگ کی تین رکنی کمیٹی نے جس میں راجہ ظفر الحق، سرانجام خان اور جاوید ہاشمی شامل تھے جی ڈی اے کے سربراہ نوابزادہ نصراللہ سے مذاکرات کئے۔ نوبزادہ نے کہا کہ یہ جدوجہد زبانی جمع خرچ نہیں ہوگا ہم بلا تاخیر جمہوریت کی بحالی چاہتے ہیں فوج کی بہتری بھی اسی میں ہے۔ بتایا گیا کہ لیگی رہنما اپنی جماعت کو اور نوابزادہ نصراللہ جی ڈی اے کو اعتماد میں لے کر فوری جدوجہد کا طریقہ کار طے کریں گے۔

### بے نظیر کلثوم نواز میں سمجھوتہ

برطانوی جریدے ڈیلی ٹیلی گراف میں مشہور خاتون صحافی کرسٹینا لیمب نے خبر دی ہے کہ بے نظیر بھٹو اور کلثوم نواز کے درمیان سمجھوتہ طے پاگیا ہے اور بحالی جمہوریت کے لئے تحریک چلانے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے اس سمجھوتے کو سابق وزیراعظم نواز شریف کی مکمل تائید حاصل ہے۔

### نئے نام سے وسیع البنیاد اتحاد

مسلم لیگ اور جی ڈی اے کے درمیان مذاکرات میں مسلم لیگ نے تجویز پیش کی ہے کہ نئے نام سے ایک وسیع البنیاد اتحاد بنایا جائے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جی ڈی اے نواز حکومت کے خلاف بنایا گیا تھا لہذا اس بارے میں لیگی وفد نے اپنے تحفظات سے آگاہ کردیا ہے۔ بے نظیر بھٹو نام بدلنے پر متفق ہیں۔ خیال ہے کہ جی ڈی اے کے قائدین بھی نیشنل ڈیموکریٹک الائنس یا کسی اور نام پر متفق ہو جائیں گے۔ نوابزادہ نصراللہ نے تازہ صورت حال پر غور کرنے لئے 15 نومبر کو جی ڈی اے کا اجلاس طلب کرلیا ہے۔

### انتخابات کرواکے فوج واپس جائے

امیر جماعت اسلامی قاضی حسین احمد نے جماعت اسلامی کے سالانہ اجتماع منعقدہ 27 تا 29۔ اکتوبر بمقام قرطبہ موٹروے اسلام آباد میں اختتامی تقریر کرتے ہوئے فوج سے مطالبہ کیا کہ وہ جلد از جلد انتخابات کرا کے اپنی اصل ذمہ داریوں پر واپس جائے۔ اجتماع کی قراردادوں میں سود ختم کرنے، جمعہ کی چھٹی بحال کرنے، بلدیاتی انتخابات جماعتی بنیادوں پر کرانے، اور لٹیروں کا کڑا احتساب کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔

### شیخ رشید اعجاز کا انکار

مسلم لیگی لیڈروں شیخ رشید، اعجاز الحق اور میاں اظہر نے مسلم لیگ کا جی ڈی اے سے اتحاد مسترد کردیا۔ پرویز الٰہی نے بھی پی پی سے اتحاد کو نامنظور کردیا اور کہا کہ اگر کلثوم نواز اپنی کارروائیاں ختم کردیں تو اسمبلیاں جلد بحال ہو جائیں گی۔ مسلم لیگ چٹھہ گروپ کے اقبال احمد خان نے کہا ہے کہ ہم نواز شریف کے ساتھ نہیں چل سکتے۔

### جنرل مشرف گوجرانوالہ پہنچ گئے

چیف ایگزیکٹو جنرل پرویز مشرف گوجرانوالہ پہنچ گئے۔ حساس مقامات کی سخت نگرانی کی جارہی ہے۔ دورے کے سبب پولیس اہلکاروں کی چھٹیاں منسوخ کردی گئی ہیں۔

### برطانوی نرسوں کی بدسلوکی

برطانوی نرسوں کی مریضوں سے بدسلوکی کی شکایت میں مزید اضافہ ہو رہا ہے نرسوں پر بدتمیزی کرنے، مریضوں پر جسمانی تشدد اور جنسی طور پر ہراساں کرنے کے الزامات ہیں۔

ماسٹر واچ کمپنی سیل اینڈ سروس
تمام امپورٹڈ گھڑیوں کا مرکز۔ فون 6664690
5 نجی پلازہ مین بولیوارڈ ڈیفنس سوسائٹی روڈ لاہور

# عالمی خبریں

## عالمی ذرائع ابلاغ سے

### طالبان پر چڑھائی کی دھمکی

روس نے کہا ہے کہ اگر شمالی افغانستان پر طالبان نے قبضہ کر لیا تو ہم طالبان پر چڑھائی کر دیں گے۔ شمالی حصوں پر طالبان کا قبضہ ماسکو کے لئے خطرہ ہو گا جس کے خلاف روسی فوج حرکت میں آجائے گی۔ دوسری طرف افغان سربراہ ملا عمر نے کہا ہے کہ طالبان کے خلاف کارروائی ہوئی تو روس کو خمیازہ بھگتنا ہو گا۔ 95 فیصد علاقے پر ہمارا کنٹرول ہے باقی 5 فیصد بھی جلد حاصل کر لیں گے۔ ملا عمر نے کہا کہ احمد شاہ مسعود روس کے خلاف لڑتے رہے اب اس سے مدد حاصل کر رہے ہیں ملا عمر نے پاکستان سے مدد لینے کے الزام کو بے بنیاد قرار دیا۔ اور کہا کہ ایسے الزامات عالمی برادری کو گمراہ کرنے کے لئے لگائے جا رہے ہیں۔

### ملائیشیا کا دفاعی بجٹ میں اضافہ

ملائیشیا نے دفاعی بجٹ میں اضافہ کر دیا ہے اور فوج کو جدید ترین ہتھیاروں سے مسلح کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ وزیر دفاع نے بتایا ہے کہ اضافی بجٹ سے جدید ترین توپیں ہیلی کاپٹر' اور جنگی کشتیاں خریدی جائیں گی۔ دور مار گائیڈڈ میزائل اور آبدوز حاصل کرنے پر بھی غور کر رہے ہیں۔

### امریکی جرنیل اہم مشن پر یمن

امریکی فوج کے فورسٹار ایڈمرل ہارلڈ گیمن اور ریٹائرڈ امریکی وائس چیف آف آرمی سٹاف کے ہمراہ ایک اہم مشن پر یمن پہنچ گئے ہیں۔ امریکہ کے سیکرٹری دفاع ولیم کوہن نے سات روز قبل فیصلہ کیا تھا کہ عدن میں سترہ امریکیوں کی ہلاکت کے اسباب کا جائزہ لینے کے لئے دو رکنی فوجی وفد کو موقع پر بھیجا جائے گا تاکہ آئندہ ایسی دہشت گردی کی صورت حال سے نمٹنے کے لئے لائحہ عمل مرتب کیا جا سکے۔

### آئیوری کوسٹ میں اجتماعی قبر

آئیوری کوسٹ کی نئی کابینہ کے ارکان نے گزشتہ روز دارالحکومت عابد جان کے نواح میں دریافت ہونے والی اجتماعی قبر کا معائنہ کیا۔ قبر سے ملنے والی 50 لاشوں کی شناخت کر لی گئی ہے۔ مقتولین کا تعلق السانے کوائٹر رارالے سے ہے جن میں زیادہ تر درکر تھے وزیر داخلہ نے کہا کہ واقعے کی جلد تحقیقات کرائی جائے گی انہوں نے اندازہ ظاہر کیا کہ اس قتل عام میں ایورین پاپولر فرنٹ یا گینڈرمس ملوث ہو سکتے ہیں ذمہ دار افراد کو نہیں چھوڑا جائے گا۔

### شمالی کوریا کا جاپان پر الزام

شمالی کوریا نے جاپان پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ مذاکرات کی آڑ میں مخالفانہ کارروائیاں کر رہا ہے۔ شمالی کوریا کے سرکاری اخبار نے الزام لگایا ہے کہ امریکہ سے جاپان کی مشترکہ جنگی مشقوں کا مقصد شمالی کوریا پر چڑھائی کرنا ہے۔

بقیہ صفحہ 1

باعث اس بابرکت تحریک میں حسب استطاعت ضرور شمولیت فرمائیں۔ اور ایک مکان کے پورے اخراجات تخمینا 5 لاکھ روپے سے لے کر حسب استطاعت زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرما کر مستحق احباب کی دعاؤں کے وارث بنیں۔ اللہ تعالیٰ سعی مشکور کی توفیق سے نوازتا رہے آمین

(سیکرٹری بیوت الحمد سوسائٹی)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

### بھارت شارجہ کپ ہار گیا

سری لنکا نے بھارت کو شارجہ کپ کے فائنل میں بری طرح شکست دی۔ سری لنکا نے پہلے کھیلتے ہوئے 299 رنز بنائے جس میں جے سوریا کے 189 رنز شامل تھے۔ بعد ازاں بھارت کی ٹیم حیران کن طور پر صرف 54 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔


ضرورت ہے

(1) سیلزمین ٹرینڈ کرنے کے لئے (2) ڈرائیور کم سیل مین

عمر 25 تا 35 سال تعلیم میٹرک

پتہ برائے رابطہ میاں بھائی پتہ کمانی فیکٹری

گلی نمبر 5 نزد الفرخ مارکیٹ کوٹ شہاب دین جی ٹی روڈ شاہدرہ لاہور فون 16-7932514

نوٹ: انٹرویو مورخہ 14-11-2000 کو 12 بجے دوپہر کے بعد ہو گا

Soft Valley Institute of Information Technology

SOFT VALLEY ANNOUNCES

BCS (24 months) MCS (18 months)

Special Merit Scholarship

Rs. 50,000/-

22-A, Main Boulevard, Faisal Town, Lahore.

Ph: 5170932-33, FAX: 5167379, Email:softvalley@starplace.com

LOCAL INTERNET IN RABWAH

Authorised Dealer for Internet

Note: No Security Deposit, No Connection Fees for limited period only

PRIME COMPUTERS

6 مبشر مارکیٹ بالمقابل ریلوے گودام ربوہ

☎ 04524 - 214449, 211163

جدید ڈیزائنوں میں اعلیٰ زیورات بنوانے کے لئے ہمارے ہاں تشریف لائیں

نسیم جیولرز

اقصیٰ روڈ ربوہ

فون دکان 212837

نعیم آپٹیکل سروس

نظر و دھوپ کی عینکیں ڈاکٹری نسخہ کے مطابق لگائی جاتی ہیں

کنٹیکٹ لینز و سلوشن دستیاب ہیں

نظر کا معائنہ بذریعہ کمپیوٹر

فون 34101-642628 چوک کچہری بازار فیصل آباد

ناصر پیکجز انٹرنیشنل

کیروگیٹڈ کارٹن بنانے والے

عقب اتفاق فونڈری نزد اتفاق گرڈ اسٹیشن کوٹ لکھپت لاہور۔ فون نمبر 6-5823545

تمام ائرلائنز کے ٹکٹ خصوصی رعائتی ریٹ پر دستیاب ہیں۔

کمپیوٹرائزڈ ریزرویشن کیلئے ہماری خدمات حاضر ہیں

ملٹی سکائی ٹریولز اینڈ ٹورز پرائیویٹ لمیٹڈ

S.N C-6 سنٹر بلاک 12/D فضل الحق روڈ بلیو ایریا۔ اسلام آباد

فون 2873030,2873680 فیکس 825111

Email:multisky@isb.pol.com.pk

مریم میڈیکل سنٹر

یادگار چوک دارالصدر جنوبی ربوہ فون 213944

دن رات ایمرجنسی سروس

الٹراساؤنڈ: باپردہ عورتوں کیلئے خوشخبری۔

ربوہ میں پہلی بار لیڈی ڈاکٹر الٹراساؤنڈ سپیشلسٹ کی زیر نگرانی الٹراساؤنڈ صرف 200 روپے۔

جدید کنویکس پروب کمپیوٹرائزڈ مشین کے ساتھ

ای سی جی۔ کلینیکل لیبارٹری (مکمل رینج)

زچہ و بچہ کی سہولت۔ صحت مند ماحول میں مریضوں کے داخلہ کی سہولت۔ غرباء اور مستحقین کے لئے خصوصی پیکج۔ آپ کی صحت کے محافظ "مریم"

کراچی کی فینسی ورائٹی K-22 میں خریدنے کیلئے تشریف لائیں

العمران جیولرز

الطاف مارکیٹ کاٹھیاں والا بازار سیالکوٹ

فون دکان 594674 رہائش 265155

پروپرائٹر: عمران مقصود۔ موبائل 0300-617823

البشیرز۔ اب اور بھی سٹائلش ڈیزائننگ کے ساتھ

پیج

جیولرز اینڈ بوتیک

ریلوے روڈ گلی نمبر 1 ربوہ۔

فون نمبر 04524-214510

پروپرائٹر: ایم بشیر الحق اینڈ سنز

مشروم کی کاشت

ذریعہ آمدن میں قلیل سے سرمائے سے ایک مناسب اضافہ مشروم جس کو ملازمت پیشہ افراد بے روزگار نوجوان گھریلو خواتین بآسانی کاشت کر سکتے ہیں۔

اس نئے ابھرتے ہوئے کاروبار میں سرمایہ لگانے کا بہترین موقعہ۔ مزید معلومات کیلئے دفتر سے رابطہ کریں۔

سٹی سروسز۔ شاہین مارکیٹ بالمقابل جامعہ احمدیہ ربوہ۔ FAX: 04524 - 211166

لاہور میں احمدی بھائیوں کا اپنا پریس

سلور لنک پرنٹرز

کتب وزٹنگ کارڈ لیٹر پیڈ۔ بروشرز شادی کارڈز کیلنڈرز

کلرفل ڈیزائننگ نیز ہر زبان میں کمپوزنگ کی سہولت موجود

بیرون ملک مقیم احمدی تاجر بھائیوں کیلئے پرنٹنگ میٹریل باہر بھجوانے کی سہولت

ایڈریس: احسان منزل فسٹ فلور رائل پبلک لاہور فون/فیکس: 6369887

E-mail: silverlp@hotmail com

انگریزی ادویات و ٹیکہ جات کا مرکز

بہتر تشخیص مناسب علاج

کریم میڈیکل ہال

گول امین پور بازار فیصل آباد

فون- 647434


رجسٹرڈ سی پی ایل نمبر 61